


# پاکستان کپ کے چوتھے راؤنڈ میں خیبر پختونخوا، سنٹرل پنجاب اور بلوچستان نے اپنے اپنے میچز جیت لیے

**کراچی،14 جنوری2021ء:**

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے میچ میں خیبر پختونخوا نے ناردرن کو 4 وکٹوں سے ہرادیا۔ کے پی نے 113 رنز کا مطلوبہ ہدف 23.1اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ آلراؤنڈر ساجد خان ناقابل شکست 20 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔ مصدق احمد نے 15 رنز بنائے۔ ناردرن کے آف اسپنر مبصر خان نے 20 رنز کے عوض 3 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل کے پی کے کپتان خالد عثمان نے ٹاس جیت کر ناردرن کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی تو ناردرن کی پوری ٹیم 36.4اوورز میں 112 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ فیضان ریاض 42 رنز بناکر سب سے نمایاں بلے باز رہے۔ 83 گیندوں کا سامنا کرنے والے مڈل آرڈر بیٹسمین کی اننگز میں 4 چوکے شامل تھے۔ ڈبل فگرز میں داخل ہونے والے ناردرن کے دیگر تین بلے باز حماد اعظم (19)، آصف علی (14) اور عمر امین (10) رہے۔ خیبر پختونخوا کے اسپنر افتخار احمد نے 12 رنز دے کر 3 جبکہ آصف آفریدی اور عرفان اللہ شاہ نے 2،2 وکٹیں اپنے نام کیں۔ ساجد خان نے تین اوورز میں 4 رنز دے کر ایک وکٹ حاصل کی۔ میچ میں آلراؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ساجد خان کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں سنٹرل پنجاب نے طیب طاہر کی ناقابل شکست سنچری کی بدولت سدرن پنجاب کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 4 وکٹوں سے ہرادیا۔ سنٹرل پنجاب نے 321 رنز کا ہدف 5 گیندیں قبل 6 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ اوپنر طیب طاہر نے 131 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 12 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ انہوں نے رضوان حسین کے ہمراہ 103 رنز کی شاندار اوپننگ شراکت قائم کی۔ رضوان حسین نے 37 گیندوں پر 7 چوکوں اور 7 چھکوں کی مدد سے 76 رنز بنائے۔ مڈل آرڈر بیٹسمین قاسم اکرم نے 46 رنز کی اننگز کھیلی۔ سدرن پنجاب کے محمد عمران اور زاہد محمود نے 2،2

وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرنے والی سدرن پنجاب کی ٹیم نے مقررہ پچاس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 320 رنز بنائے تھے۔ وقار حسین نے 70 جبکہ حسین طلعت اور صہیب مقصود نے 60،60 رنز بنائے۔ محمد عمران نے 46 رنز کی اننگز کھیلی۔ سنٹرل پنجاب کے فاسٹ باؤلر احمد بشیر اور اسپنر رضا علی ڈار نے 3،3 جبکہ زبیر خان نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ طیب طاہر کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے میچ میں بلوچستان نے سندھ کو تین وکٹوں سے شکست دے دی۔ فاتح ٹیم نے ایاز تصور اور کپتان عمران فرحت کی نصف سنچریوں اور کاشف بھٹی کے ناقابل شکست 40 رنز کی بدولت 240 رنز کا مطلوبہ ہدف 46.3 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ ایاز تصور نے 69 اور عمران فرحت نے 59 رنز بنائے۔ سندھ کے فاسٹ باؤلرز محمد حسنین نے 3 اور محمد عمر نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل بلوچستان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو سندھ نے مقررہ 47 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 239 رنز بنائے۔ حسان خان اور دانش عزیز نے بالترتیب 54 اور 52 رنز کی اننگز کھیلیں۔ تجربہ کار بیٹسمین اسد شفیق 43 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ بلوچستان کے فاسٹ باؤلر عماد بٹ نے 54 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ کاشف بھٹی نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ عماد بٹ کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

پاکستان کپ ون ڈے ٹورنامنٹ کے چوتھے راؤنڈ کے اختتام پر خیبر پختونخوا اور ناردرن کی ٹیمیں 6،6 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر بالترتیب پہلی اور دوسری پوزیشن پر موجود ہیں۔ سندھ اور بلوچستان کی ٹیمیں 4،4 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب تیسرے اور چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ سدرن پنجاب اور سنٹرل پنجاب کی ٹیموں کے پوائنٹس کی تعداد 2،2 ہے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT PAKISTAN CUP 2020-21:**

- *33 matches to be played on a double-league basis with each side guaranteed a minimum of 10 50-over matches. For schedule, click here*

- *The event will be played under Covid-19 protocols at three venues in Karachi, namely NBP Sports Complex, State Bank Stadium and UBL Sports Complex.*

- *The Pakistan Cricket Board will broadcast 13 matches – 10 group and three knockouts from the State Bank Stadium, while the PCB's YouTube channel will relay delayed stream all across the globe.*

- *The winner of the tournament will receive PKR5million while the runner-up will collect PKR2.5million.*

- *The best performers of the tournament will equally share PKR1million amongst them and PKR800,000 will be distributed among 32 players who receive Man of the Match awards in group matches and semi-finals. The Player of the Final will receive PKR35,000.*

- *As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here, to read more about the three-year agreement.*

